سنن ابن ماجہ شریف مترجم

جلد اوّل

تالیف

حافظ أبی عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ القزوینی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

مولانا محمد قاسم امین مدظلہ العالی

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸-اردو بازار ٥ لاہور ٥ پاکستان

7231788-7211788

نام کتاب:———— سُنن ابنِ ماجہ شریف مترجم

تالیف :———— حافظ ابی عبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ القزوینی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم :———— مولانا محمد قاسم امین مدظلہ العالی

طابع :———— خالد مقبول

مطبع :———— افضل شریف پرنٹرز

ملنے کے پتے

❖ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ ☎ 7224228

❖ مکتبہ علوم اسلامیہ اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور ☎ 7221395

❖ مکتبۂ جویریہ ۱۸ - اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان ☎ 7211788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت' طباعت' تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

۵۸۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْوَانَ الْعُثْمَانِیُّ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ عَبْدِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّهُ كَانَ تُصِيْبُهُ الْجَنَابَةُ بِاللَّيْلِ فَيُرِيْدُ اَنْ يَنَامَ فَاَمَرَهُ رَسُوْلُ اللهِ اَنْ يَتَوَضَّاَ ثُمَّ يَنَامَ.

۵۸۶: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ رات میں جنبی ہو گئے ان کا سونے کا ارادہ ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ وضو کر کے سو جائیں۔

۱۰۰: بَابُ فِی الْجُنُبِ اِذَا اَرَادَ الْعَوْدَ تَوَضَّاَ

باب: جنبی دوبارہ جماع کرنا چاہے تو وضو کر لے

۵۸۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِی الشَّوَارِبِ ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ ثَنَا عَاصِمُ الْاَحْوَلُ عَنْ اَبِی الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ اَهْلَهُ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يَعُوْدَ فَلْيَتَوَضَّاْ.

۵۸۷: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی اہلیہ کے پاس آئے پھر دوبارہ آنا چاہے تو وضو کر لے۔

خلاصۃ الباب ☆ علماء فرماتے ہیں کہ جنبی جب سونے یا کھانے' پینے یا دوبارہ جماع کرنے کا ارادہ کرے تو استنجاء اور نماز والا وضو کر لے اور اگر صرف ہاتھ دھوئے اور کلی اور ناک میں پانی ڈالے تو بھی کافی ہے اور وضوء سے یہی مراد ہے۔

۱۰۱: بَابُ مَا جَاءَ فِيْمَنْ يَغْتَسِلُ مِنْ جَمِيْعِ نِسَائِهٖ غُسْلًا وَاحِدًا

باب: سب بیویوں سے صحبت کر کے ایک ہی غسل کرنا

۵۸۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ وَاَبُوْ اَحْمَدَ عَنْ عُثْمَانَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ يَطُوْفُ عَلٰى نِسَائِهٖ فِیْ غُسْلٍ وَاحِدٍ.

۵۸۸: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایسا بھی ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام ازواج کے پاس ایک ہی غسل سے گئے۔

۵۸۹: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِی الْاَخْضَرِ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ وَضَعْتُ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ غُسْلًا فَاغْتَسَلَ مِنْ جَمِيْعِ نِسَائِهٖ فِیْ لَيْلَةٍ.

۵۸۹: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کے لئے نہانے کا پانی رکھا ایک رات آپؐ نے اپنی تمام ازواج مطہراتؓ سے صحبت کر کے ایک ہی غسل کیا۔

خلاصۃ الباب ☆ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر باری مقرر کرنا واجب نہیں۔ ایک رات میں سب کے پاس جانا یہ بھی ایک قسم کی باری ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو چالیس جنتی مردوں کی طاقت وقوت حاصل تھی اور ایک مرد جنت کا اس کو سو مردوں کی قوت ہوگی تو اس حساب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو چار ہزار مردوں کی طاقت دی گئی تھی۔ اس کے باوجود عین جوانی میں ایک بیوہ عورت سے شادی کی۔ ان کی زندگی میں دوسرا نکاح نہیں کیا۔ سبحان اللہ! کیسی عفت میں ایک بیوہ عورت سے شادی کی' ان کی زندگی میں دوسرا نکاح نہیں کیا۔ سبحان اللہ! کیسی عفت وعصمت عطاء ہوئی۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد کئی شادیاں کیں۔ غرض یہ تھی کہ عورتوں کے مسائل ان ازواج مطہرات کے ذریعہ عورتوں تک پہنچ جائیں۔ دوسرے قبائل کی خوش فہمی تھی کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار بن گئے۔ اس کے علاوہ کئی حکمتیں پیش نظر تھیں جو سیرت کی کتابوں میں مفصل طور پر پڑھی جا سکتی ہیں۔